# اُردو (لازمی) ایچ ایس ایس سی-I

| Version No. | 1 | 8 | 1 | 9 |
|---|---|---|---|---|

وقت: 25 منٹ　　Group - I　　حصہ اوّل (کُل نمبر: 20)

نوٹ: حصہ اوّل لازمی ہے۔ اس کے جوابات الگ سے مہیا کی گئی اوایم آر (OMR) جوابی کاپی پر دیں۔ اس کو پہلے پچیس منٹ میں مکمل کر کے ناظم مرکز کے حوالے کریں۔ کاٹ کر دوبارہ لکھنے کی اجازت نہیں ہے۔ لیڈ پنسل کا استعمال ممنوع ہے۔

**سوال نمبر ۱:** مہیا کی گئی اوایم آر (OMR) جوابی کاپی پر دی گئی ہدایات کے مطابق ہر سوال کا درست جواب A/B/C/D منتخب کر کے متعلقہ دائرہ (Bubble) پُر کریں۔ ہر جزو کا ایک نمبر ہے۔

(1) مرکب عطفی کس حرف سے بنتا ہے؟

A سے　B میں　C و　D کا

(2) ؎ میرؔ ان نیم باز آنکھوں میں
ساری مستی شراب کی سی ہے
علم بیان کی رو سے مندرجہ بالا شعر میں 'شراب' کیا ہے؟

A مشبہ بہ　B وجہ شبہ　C غرض تشبیہ　D مشبہ

(3) غزل کا آخری شعر جس میں شاعر کا تخلص نہ ہو کیا کہلاتا ہے؟

A مقطع　B شعر　C آخری شعر　D مطلع

(4) ''مضمون کیسا ہی مبتذل یا رکیک ہو اور محاورہ بے سلیقگی سے باندھا گیا ہو''۔ عوام ایسا شعر سن کر کیا کرتے ہیں؟

A سر دھنتے ہیں　B گالیاں دیتے ہیں　C ناپسند کرتے ہیں　D ناچتے ہیں

(5) ایک دن ایک پھیری والا بساطی کیا بیچنے آ نکلا تھا؟

A زیور　B چابیاں　C تالے　D برتن

(6) قرع اور انبیق کو کس چیز سے بنایا جاتا تھا؟

A چاندی　B تانبا　C چکنی مٹی　D خالص لوہا

(7) بابا گرای کس فکر میں اپنے آپ کو گھلاتا تھا؟

A دولت　B نکاح　C اولاد　D شاعری

(8) حکیم محمد سعید کی کئی جلدوں میں شائع ہونے والی کتاب کا نام کیا ہے؟

A پرانی کہانی　B نئی کہانی　C کہانی　D سچی کہانی

(9) میر انیسؔ کا سن ولادت ہے:

A 1802ء　B 1801ء　C 1800ء　D 1803ء

(10) مصرع مکمل کریں۔　؎ اٹھ گیا چہرۂ ہستی سے __________ اسرار

A پردہ　B آفتاب　C نقاب　D ماہتاب

(11) نظیر اکبر آبادی اپنی شاعری میں کون سی زبان استعمال کرتے ہیں؟

A امیرانہ　B عوامی　C شاعرانہ　D عالمانہ

(12) چرخِ اخضری سے کیا مراد ہے؟

A نیلا آسمان　B زرد آسمان　C سرخ آسمان　D سبز آسمان

(13) نظم 'شام رنگین' کے حوالے سے بتائیں سورج رنگین بادلوں میں کیا کر رہا ہے؟

A چہرہ چھپا رہا ہے　B روشنی پھیلا رہا ہے　C رنگ پھیلا رہا ہے　D سیر کر رہا ہے

(14) میرؔ داورِ محشر سے کیا طلب کرتے ہیں؟

A انصاف　B کامیابی　C عزت　D نجات

(15) مومنؔ کے مطابق کیا راحت فزا نہیں ہوتا؟

A آلام　B محن　C رنج　D کرب

(16) مرزا داغ کے مطابق اب دل کس چیز کا مقام ہے؟

A خوشی　B بے کسی　C بے بسی　D ہنسی

(17) حسرت موہانی کے مطابق محبوب کی نگہِ بدگمان نے کیا جان لیا ہے؟

A حالِ آرزو　B مآلِ آرزو　C زوالِ آرزو　D کمالِ آرزو

(18) احمد ندیم قاسمی کے مطابق ہم کس چیز سے دھوکا کھا گئے؟

A ڈھول بجنے سے　B گھنٹیاں بجنے سے　C نقارہ بجنے سے　D گجر بجنے سے

(19) ذاتی یادداشتوں کو محفوظ رکھنے کے لیے ہوتی ہے:

A ڈائری　B نوٹ بک　C رسید　D بیاض

(20) غزل کے لیے کیا ضروری ہے؟

A مقطع　B قافیہ　C ردیف　D مطلع

# اُردو (لازمی) ایچ ایس سی-I

## GROUP – I

وقت: 2:35 گھنٹے　　　　کُل نمبر حصہ دوم اور سوم : 80

نوٹ: حصہ دوم اور سوم صفحات 2-1 پر مشتمل ہے۔ ان سوالات کے جوابات علیحدہ سے مہیا کی گئی جوابی کاپی پر دیں۔ ایکسٹرا شیٹ (Sheet-B) طلب کرنے پر مہیا کی جائے گی۔ آپ کے جوابات صاف اور واضح ہونے چاہئیں۔

## حصہ دوم (کُل نمبر 48)

سوال نمبر۲۔ درج ذیل سوالات کے تین سے چار سطروں تک محدود جوابات لکھیں: (12x4=48)

(i) بائیسکل کی مجموعی ہیئت کیسی تھی؟

(ii) غالبؔ کا خط عام خطوں سے کس حد تک مختلف ہے؟

(iii) شراب کس طرح ام الخبائث ہے؟

(یا)

کون سا جذبہ دونوں بیگمات میں صلح کا ذریعہ بن گیا؟

(iv) نظم 'طلوعِ اسلام' میں علامہ اقبال نے مسلمانوں کی کس جانب توجہ مبذول کروائی ہے؟

(یا)

نظم 'مستقبل کی جھلک' میں کیا پیش گوئی کی گئی ہے؟

(v) مسدّس ترجیع بند کسے کہتے ہیں؟

(vi) رازِ امانت سے کیا مراد ہے؟

(vii) میرؔ کی شاملِ نصاب غزل میں بے ثباتی عالم کا تذکرہ کس انداز میں کیا گیا ہے؟

(viii) درج ذیل شعر کی شاعرانہ خوبیاں بیان کریں۔

وہ تھا جلوہ آرا مگر تم نے موسیٰ
نہ دیکھا، نہ دیکھا، نہ دیکھا، نہ دیکھا

(یا)

سازِ ارتقا کی گونج سے احمد ندیم قاسمی کیا مراد لیتے ہیں؟

(ix) فیض کے مطابق ستم کی کون کون سی نئی رسمیں ایجاد ہوئی ہیں؟

(x) مندرجہ ذیل الفاظ کو جملوں میں اس طرح استعمال کریں کہ ان کی تذکیر و تانیث واضح ہو جائے۔

دہی ، حیا ، برق ، قلم

(یا)

مندرجہ ذیل تلمیحات کی وضاحت کریں۔

نہرِ فرات ، کوہِ طور ، دُرِ دریائے احمدی ، قارون

(xi) قافیہ کی تعریف دو مثالوں کے ساتھ تحریر کیجیے۔

(xii) **درج ذیل عبارت کی تلخیص کیجیے اور مناسب عنوان بھی تجویز کیجیے:**

اے ہمیشہ رہنے ولی امید! جب کہ زندگی کا چراغ ٹمٹماتا ہے اور دنیاوی حیات کا آفتاب لبِ بام ہوتا ہے تو تیرے ہی سہارے سے وہ کٹھن گھڑی آسان ہوتی ہے۔ اس وقت اس زرد چہرے اور آہستہ ہلتے ہوئے ہونٹوں اور بے خیال بند ہوتی ہوئی آنکھوں اور غفلت کے دریا میں ڈوبتے ہوئے دل کو تیری یادگاری ہوتی ہے۔ تیرا نورانی چہرہ دکھائی دیتا ہے اور نئی روح اور تازہ خوشی حاصل ہوتی ہے اور ایک نئی لازوال زندگی کی، جس میں ہمیشہ رہنے والی خوشی ہوگی۔

## حصہ سوم (کُل نمبر 32)

**سوال نمبر ۳۔** سبق اور مصنّف کا حوالہ دیتے ہوئے کسی ایک جزو کی تشریح کیجیے: **(1+1+4=6)**

**الف۔** ’’یہ تم کیسے سمجھتی ہو کہ بھول چوک ہو گی، کیا میں ایسا اناڑی ہوں۔‘‘ چمپا نے کہا، ’’ آدمی کی نیت بھی ہمیشہ ایک سی نہیں رہتی۔‘‘ پرکاش سناٹے میں آ گیا لیکن اس وقت خاموش رہا۔ کھانے کے وقت پرکاش نے چمپا سے پوچھا۔ ’’تم نے کیا سوچ کر کہا کہ آدمی کی نیت تو ہمیشہ ایک سی نہیں رہتی؟‘‘ چمپا نے گلا چھڑانا چاہا۔ ’’تم تو زبان پکڑتے ہو۔ ٹھاکر صاحب کے ہاں شادی ہی میں تم اپنی نیت ٹھیک نہ رکھ سکے۔ سو دو سو روپے کی چیز گھر میں رکھ ہی لی۔‘‘

**ب۔** آپ کہاں ہیں؟ حیدر آباد میں یا عدم آباد میں! اگر عدم آباد میں ہیں تو مجھے مطلع کیجیے کہ میں آپ کو تعزیت نامہ لکھوں۔ صدیاں گزر گئیں کہیں آپ کا کلام دیکھنے میں نہیں آیا۔ کبھی کبھی چند اشعار بھیج دیا کرو تو کون سی بڑی بات ہے۔ میں تو اب بوجہ مشاغلِ منصبہ کے تارک الشعر ہوں۔ ہاں کبھی فرصت ملتی ہے تو فارسی اساتذہ کے اشعار پڑھ کر مزا اٹھالیتا ہوں میری شاعری گھٹ کر اب اس قدر رہ گئی ہے کہ اوروں کے اشعار پڑھ لوں۔ گزشتہ سال ایک مثنوی فارسی لکھنی شروع کی تھی۔ ہنوز ختم ہوئی نہیں اور اس کے اختتام کی امید بھی نہیں۔ خیالات کے اعتبار سے مشرقی اور مغربی لٹریچر سے یہ مثنوی بالکل نئی ہے لیکن آپ سے ملاقات ہو تو آپ کو اشعار سناؤں۔

**سوال نمبر ۴۔** کسی ایک جزو کی بحوالہ شاعر تشریح کیجیے اور نظم کا عنوان بھی لکھیں: **(1+1+5=7)**

**الف۔**

سب ہیں اسی کے حکم سے دن ہو یا رات
شامِ خزاں اسی کی ہے صبحِ بہار بھی
قدرت سے اس کی گرمِ سفر ہیں یہ مہر و ماہ
موجِ نسیم بھی ہے، رواں آبشار بھی
وابستہ سب ہیں نظمِ قضا و قدر کے ساتھ
لیل و نہار بھی، روشِ روزگار بھی

**ب۔**

ناک وہ ناک خطرناک جسے کہتے ہیں
ٹانگ کھینچی تھی کہ مسواک جسے کہتے ہیں
نقشِ محبوب مصوّر نے سجا رکھا تھا
مجھ سے پوچھو تو تپائی پہ گھڑا رکھا تھا
اس نمائش میں جو اطفال چلے آتے تھے
ڈر کے ماؤں کے کلیجے سے چمٹ جاتے تھے

**سوال نمبر ۵۔** کوئی سے تین اشعار کی تشریح کیجیے اور ہر شعر کے شاعر کا نام بھی لکھیں: **(3+3+3=9)**

**الف۔**

بہت آرزو تھی گلی کی تری
سو یاں سے لہو میں نہا کر چلے

**ب۔**

زمینِ چمن گل کھلاتی ہے کیا کیا
بدلتا ہے رنگ آسماں کیسے کیسے

**ج۔**

نہ ہمت نہ قسمت نہ دل ہے نہ آنکھیں
نہ ڈھونڈا نہ پایا نہ سمجھا نہ دیکھا

**د۔**

ہر نغمے نے انھی کی طلب کا دیا پیام
ہر ساز نے انھی کی سنائی صدا مجھے

**ہ۔**

جس دھج سے کوئی مقتل میں گیا وہ شان سلامت رہتی ہے
یہ جان تو آنی جانی ہے، اس جاں کی تو کوئی بات نہیں

**سوال نمبر ۶۔** ایک تفریحی سفر کی روداد لکھیں۔ **(5)**

**سوال نمبر ۷۔** محلے میں صفائی کا مناسب انتظام کرانے کے لیے بلدیہ کے چیئرمین کے نام درخواست لکھیں۔ **(5)**

11

# اُردو (لازمی) ایچ ایس ایس سی-I

| Version No. | 1 | 8 | 2 | 3 |
|---|---|---|---|---|

وقت: 25منٹ　　Group - II　　حصہ اوّل (کُل نمبر:20)

نوٹ: حصہ اوّل لازمی ہے۔ اس کے جوابات الگ سے مہیا کی گئی اوایم آر (OMR) جوابی کاپی پر دیں۔اس کو پہلے پچیس منٹ میں مکمل کر کے ناظم مرکز کے حوالے کریں۔کاٹ کر دوبارہ لکھنے کی اجازت نہیں ہے۔ لیڈ پنسل کا استعمال ممنوع ہے۔

سوال نمبرا: مہیا کی گئی اوایم آر (OMR) جوابی کاپی پر دی گئی ہدایات کے مطابق ہر سوال کا درست جواب A/B/C/D منتخب کر کے متعلقہ دائرہ (Bubble) پُر کریں۔ہر جزو کا ایک نمبر ہے۔

1) تشبیہ سے کیا مراد ہے؟
A تولنا　B اندازہ لگانا　C باہمی مشابہت　D شک کرنا

2) غزل کے اشعار میں بار بار آخر میں آنے والے ہم آواز الفاظ کیا کہلاتے ہیں؟
الف۔ مطلع　B مقطع　C قافیہ　D ردیف

3) سرسید کے مطابق کس ملک کی رعایا تہذیب وشائستگی میں اس زمانے کی گورنمنٹ سے آگے بڑھی ہوئی تھی؟
A ایران　B افغانستان　C انگلستان　D ہندوستان

4) ''آپ نے کوئی منتر ونتر تو نہیں پڑھوالیا کسی سے'' پرکاش نے یہ کس سے کہا؟
A ٹھکرائن　B ویرا اندر　C چمپا　D ٹھاکر

5) افسانہ ''منظور'' کے مصنف کون ہیں؟
A شوکت تھانوی　B پریم چند　C سعادت حسن منٹو　D غلام عباس

6) سبق ''نشہ بازی کی لعنت'' صنفی اعتبار سے کیا ہے؟
A مضمون　B افسانہ　C ڈرامہ　D کہانی

7) غالؔب کے بقول میرن صاحب کیا راہ میں چٹ کریں گے؟
A قلاقند　B جلیبیاں　C برفی　D حلوہ

8) مصرع مکمل کریں۔ ــــــــ ہوئے احرارِ ملت جادہ پیا کس ________
A تجمل سے　B تکلف سے　C تکلم سے　D تحمل سے

9) آبا کی کتابیں یورپ میں دیکھ کر دل ہوتا ہے:
A سی پارہ　B مطمئن　C خوش　D دیوانہ

10) ابوالاثر حفیظ جالندھری کا سال وفات کیا ہے؟
A 1984ء　B 1985ء　C 1982ء　D 1983ء

11) نظم ''شب معراج'' میں حسن سے کون مراد ہے؟
A جبرائیلؑ　B انسان　C حضرت محمد ﷺ　D اللہ تعالیٰ

12) مرزا محمود سرحدی کے مطابق جس کا بیوی پہ بس نہیں چلتا وہ باہر آکر کس کو کوستا ہے؟
A امریکہ　B پاکستان　C دوست　D والدین

13) خواجہ حیدر علی آتؔش نے کس طرح کی غزل کہنے کا دعویٰ کیا ہے؟
A عاشقانہ　B باغیانہ　C فاسقانہ　D رندانہ

14) ''ایسے سے جو داغؔ نے نباہی'' غزل کے اس مقطع میں 'ایسے' سے کون مراد ہے؟
A حکمران　B دشمن　C رقیب　D محبوب

15) بقول فیض کس کھیل میں ہار کر بھی ہار نہیں ہوتی؟
A عشق　B موت　C زندگی　D سیاست

16) بقول مومن صنم کیا نہیں ہوتا؟
A دوست　B عدو　C خدا　D باوفا

17) کس شاعر نے اپنے آپ کو ''شاعر رنگین نوا'' کہا ہے؟
A داغؔ　B حسرتؔ　C فیض احمد فیض　D میرؔ

18) 'ناآشنا' میں 'نا' کیا ہے؟
A حرف اضافت　B سابقہ　C لاحقہ　D حرف عطف

19) غزل کا ایسا پہلا شعر جس کے دونوں مصرعے ہم قافیہ وہم ردیف نہ ہوں کیا کہلاتا ہے؟
A مطلع　B حسن مطلع　C مقطع　D پہلا شعر

20) شعر میں کسی تاریخی واقعہ کی طرف اشارہ کیا کہلاتا ہے؟
A تلمیح　B تلویح　C بدیع　D فصیح

12

# اُردو (لازمی) ایچ ایس ایس سی-I

## GROUP – II

وقت: 2:35 گھنٹے — کُل نمبر حصہ دوم اور سوم : 80

نوٹ: حصہ دوم اور سوم صفحات 2-1 پر مشتمل ہے۔ ان سوالات کے جوابات علیحدہ سے مہیا کی گئی جوابی کاپی پر دیں۔ ایکسٹرا شیٹ (Sheet-B) طلب کرنے پر مہیا کی جائے گی۔ آپ کے جوابات صاف اور واضح ہونے چاہئیں۔

## حصہ دوم (کُل نمبر 48)

سوال نمبر ۲۔ درج ذیل سوالات کے تین سے چار سطروں تک محدود جوابات لکھیں: (12x4=48)

(i) اصلی غلام کون ہے؟

(ii) چڑے اور چڑیا نے اپنا گھر کس طرح بنایا تھا؟

(iii) منظور نے اختر سے کس طرح دوستی پیدا کر لی؟

(یا)

تعزیت نامے سے کیا مراد ہے؟

(iv) 'بنجارا نامہ' کا مرکزی خیال بیان کریں۔

(v) نظم 'حمد' میں اللہ تعالیٰ کی قدرت کی کون سی مثالیں دی گئی ہیں؟

(یا)

علامہ اقبال نے اللہ والوں کی غیرت کو کس طرح پیش کیا ہے؟

(vi) ایبسٹر یکٹ آرٹ اصل میں کیا ہوتا ہے؟

(vii) آتش پہلی غزل کے مطلع میں انسان کی نیک نامی یا بدنامی کا معیار خلق خدا کو قرار دیتے ہیں۔ اس کی وضاحت کریں۔

(viii) دوئی سے کیا مراد ہے؟

(یا)

حسرتؔ کی پہلی غزل کے مقطع میں ''بے دلیء ہم رہاں'' سے کیا مراد ہے؟

(ix) مندرجہ ذیل مصرع میں ''کسی کو کسی سے ہم'' سے کیا مراد ہے؟

ہنستے جو دیکھتے ہیں کسی کو کسی سے ہم

(x) ''تشبیہ'' کی تعریف دو مثالوں کے ساتھ تحریر کیجیے۔

(یا)

''مطلع'' کی تعریف دو مثالوں کے ساتھ تحریر کیجیے۔

(xi) ردیف کی تعریف دو مثالوں کے ساتھ تحریر کیجیے۔

(xii) درج ذیل عبارت کی تلخیص کیجیے اور مناسب عنوان بھی تجویز کیجیے:

ہر شاعر، ادیب اور آرٹسٹ کا فن اس وقت زندہ رہتا ہے جب تک وہ زندگی کی تگ و دو میں شریک ہے۔ جو لوگ دنیا کے ہنگامے سے کٹ کر گوشہ عافیت اختیار کر لیتے ہیں یا بغیر مشقت کے آرام و راحت کی زندگی بسر کرنا شروع کر دیتے ہیں، وہ اس الہام سے محروم ہو جاتے ہیں جو صرف زندگی کے اتار چڑھاؤ میں براہ راست شریک ہونے سے حاصل ہو سکتا ہے۔ یہ صحیح ہے کہ میرے اوقات کا بیشتر حصہ فکر معاش اور دنیوی مکروہات میں ضائع ہو جاتا ہے لیکن یہ بھی درست ہے کہ اگر میں زندگی کی کش مکش سے علیحدہ ہو جاؤں تو میری شاعری بھی اس تڑپ سے محروم ہو جائے گی جس کا سب سے بڑا منبع خود زندگی ہے۔

## حصہ سوم (کُل نمبر 32)

**سوال نمبر۳۔** **سبق اور مُصنّف کا حوالہ دیتے ہوئے کسی ایک جزو کی تشریح کیجیے:** **(1+1+4=6)**

**الف۔** برصغیر میں یہ فصلِ گل آبادی کے سب سے بے گناہ طبقے کے لیے ہر سال نئے ذہنی کرب کا پیغام لاتی ہے، جس میں چار سال سے لے کر چوبیس سال کی عمر تک سبھی مبتلا نظر آتے ہیں۔ ہمارے ہاں یہ سالانہ امتحانوں کا موسم ہوتا ہے۔ خدا جانے محکمہ تعلیم نے اس زمانے میں امتحانات رکھنے میں کون سی ایسی مصلحت دیکھی، ورنہ عاجز کی رائے میں اس ذہنی عذاب کے لیے جنوری اور جون کے مہینے نہایت مناسب رہیں گے۔

**ب۔** جیسے انار کے سارے پھول ان پر برس گئے پھر بھی نہ جانے کیسے ان کا کانپتا ہوا ہاتھ بے اختیار آگے بڑھا۔ درمیانی گول میز جیسے انھیں نظر نہیں آ رہی تھی۔ وہ میز پر اوندھ گئیں اور جانے کیسے انھوں نے میاں کی پتلون کا پائنچا مضبوطی سے مٹھی میں جکڑ لیا اور کچھ کہنے کی کوشش میں ہانپنے لگیں۔ آنکھوں اور ناک سے بہتا پانی، کھلے ہونٹ اور اجڑے بالوں میں چمکتے سفید بال وہ اس عالم میں کیسی بدصورت لگ رہی تھیں۔ سب نے نظریں جھکا لیں۔

**سوال نمبر۴۔** **کسی ایک جزو کی بحوالہ شاعر تشریح کیجیے اور نظم کا عنوان بھی لکھیں:** **(1+1+5=7)**

**الف۔**
اوج زمین سے پست تھا چرخِ زبرجدی
کوسوں تھا سبزہ زار سے صحرا زمردی
ہر خشک و تر پہ تھا کرم بحرِ سرمدی
بے آب تھے مگر دُرِ دریائے احمدیؐ
روکے ہوئے تھی نہر کو امت رسولؐ کی
سبزہ ہرا تھا، خشک تھی کھیتی بتولؑ کی

**ب۔**
نوکری کے لیے اخبار کے اعلان نہ پڑھ
جان پہچان کی باتیں ہیں، کہا مان نہ پڑھ
جن کو ملنی ہو انھیں پہلے ہی مل جاتی ہے
بس دکھاوے ہی کے ہوتے یہ فرمان نہ پڑھ

**سوال نمبر۵۔** **کوئی سے تین اشعار کی تشریح کیجیے اور ہر شعر کے شاعر کا نام بھی لکھیں:** **(3+3+3=9)**

**الف۔**
زنداں میں بھی شورش نہ گئی اپنے جنوں کی
اب سنگ مداوا ہے اس آشفتہ سری کا

**ب۔**
ان ناتوانیوں پہ بھی تھے خارِ راہِ غیر
کیوں کر نکالے جاتے نہ اس کی گلی سے ہم

**ج۔**
بے تابیوں سے چھپ نہ سکا حالِ آرزو
آخر بچے نہ اس نگہِ بد گماں سے ہم

**د۔**
غرورِ سرو و سمن سے کہہ دو کہ پھر وہی تاج دار ہوں گے
جو خار و خس والیءِ چمن تھے عروجِ سرو و سمن سے پہلے

**ہ۔**
جن کو ہم سمجھا کیے ابر بہار
وہ بگولے کتنے گلشن کھا گئے

**سوال نمبر۶۔** دو دوستوں کے درمیان مطالعہ کتب کی اہمیت کے موضوع پر مکالمہ تحریر کیجیے۔ **(5)**

**سوال نمبر۷۔** گاڑی کی فروخت اور قیمت کی وصولی کی رسید تحریر کیجیے۔ **(5)**